تبصرے

نقدِ ابوالکلام ہوا از ڈاکٹر رضی الدین احمد تقطیع کلاں۔ ضخامت ایک ہزار پندرہ صفحات کتابت وطباعت بہتر۔ قیمت مجلد درج نہیں۔ شائع کردہ رجسٹرار سری وینکٹیشور ا یونیورسٹی تروپتی آندھرا۔

فاضل مؤلف مذکورۂ بالا یونیورسٹی میں شعبۂ اردو کے صدر ہیں۔ یہ نہایت ضخیم کتاب وہ تحقیقی مقالہ ہے۔ جس پر یونیورسٹی نے ان کو ڈاکٹر کی ڈگری دی ہے اور یہ کتاب چھپی بھی یونیورسٹی کی طرف سے ہے۔ ڈاکٹر ذاکر حسین صاحب مرحوم جنہوں نے اس کتاب کا پیش لفظ لکھا ان کے بقول اگرچہ نام نقدِ ابوالکلام ہے لیکن حقیقتہً یہ کتاب اردو کے انانیتی ادب کا ایک تفصیلی اور تقابلی مطالعہ ہے۔ چنانچہ کتاب جو چھ ابواب پر مشتمل ہے اس کے باب اول میں نہایت مبسوط ومفصل بحث" انانیت" پر کرکے بتایا گیا ہے کہ اس کی کیا تعریف ہے؟ اس کے طبعی اور نفسیاتی اسباب کیا ہوتے ہیں۔ اس کے عناصر ترکیبی کیا ہیں۔ ان میں سے ہر عنصر کی کیا خصوصیت ہے۔ ادب میں اس کا ظہور کس طرح ہوتا ہے اور اس کے کیفیات و مزایا کیا ہیں! لائق مؤلف نے اس بحث میں انگریزی اور فرانسیسی ادب سے بھی استفادہ کیا ہے۔ باقی پانچ ابواب میں موصوف نے سر سید احمد خاں، میر تقی میر، مرزا غالب، اور ڈاکٹر اقبال۔ ان میں سے ہر ایک پر الگ الگ ایک مستقل باب میں کلام کرکے ان کے انانیتی رجحانات کو پیش کیا اور ان پر نقد و تبصرہ کیا ہے۔ اگرچہ وہ ان ابواب میں بھی اردو زبان کے ان ارکانِ اربعہ کے ساتھ مولانا ابوالکلام آزاد کا موازنہ کرتے گئے ہیں۔ لیکن آخری

باب مولانا ابوالکلام کے لیے مخصوص ہے جو کتاب کا اصل موضوع ہیں اور اس میں انانیتی ادب میں مولانا کی انفرادیت کو اجاگر کیا گیا ہے۔ اس طرح یہ کتاب درحقیقت ایک نہیں بلکہ پانچ اساطین ادبِ اردو کے انانیتی رحجانات کے مفصل تذکرہ و تبصرہ پر مشتمل ہے اور یہی وجہ اس کے اس درجہ ضخیم ہونے کی ہے۔ اس کتاب کی خصوصیات سے متعلق ڈاکٹر ذاکر حسین صاحب مرحوم نے جو کچھ تحریر فرمایا ہے وہ مختصر ہونے کے باوجود نہایت جامع اور بلیغ ہے۔ فرماتے ہیں :-

"اس میں کوئی شبہ نہیں کہ نقدِ ابوالکلام کا کوئی گوشہ ایسا نہیں کہ جس پر قلم اٹھاتے وقت کوئی نقاد اس معیاری تصنیف سے بے نیاز رہ سکے۔ پھر کیوں نہ یہ تصنیف اردو تنقید میں ایک ممتاز اور معیاری جگہ پائے۔ اس تنقیدی کاوش سے انانیتی رحجانات پر جس قدر روشنی پڑتی ہے اور پہلی مرتبہ اس کے جتنے پہلو سامنے آگئے ہیں وہ فاضل نقاد کی تنقیدی صلاحیت اور صحتِ نظر کا ثبوت ہے۔ ڈاکٹر صاحب مرحوم صدر جمہوریہ ہونے کے علاوہ اردو زبان کے نامور ادیب اور نقاد بھی تھے اور انہوں نے صرف رسماً نہیں بلکہ مسودہ کتاب پر نظر ڈال کر لکھا ہے۔ اس بنا پر اس کتاب کی فضیلت کے لیے اس سے بڑھ کر اور کیا سند ہو سکتی ہے۔ حقیقت یہ ہے کہ اردو زبان کے انانیتی ادب پر یہ پہلی کتاب ہے۔ جو نہایت جامع اور مبسوط ہے۔ لائق مؤلف نے جو کچھ لکھا ہے بے لاگ اور صاف لکھا ہے۔ اس سے تنقیدی شعور کے علاوہ موصوف کی جرأت و جسارت پر بھی روشنی پڑتی ہے۔ البتہ اول تو انانیت شعر کی طرح ایک ایسی انتزاعی صفت ہے جس کی حدِ تام ممکن نہیں ہے اور پھر اس کے حدود اور ان کی قدریں متعین کرنا بھی آسان نہیں ہے۔ اس بنا پر ایسی ضخیم کتاب میں ایسے مقامات بھی کافی ہیں جہاں لائق مؤلف کے نقطۂ نظر سے اختلاف کیا جا سکتا ہے لیکن اردو لٹریچر میں اس کی اہمیت مسلم ہے۔ زبان و بیان بھی شگفتہ دلچسپ اور موثر ہے